اُردو (لازمی) — دوسرا گروپ — 1st A 123 (سیکنڈری سکول پارٹ I ، کلاس نہم) — پرچہ I

وقت: 2:10 گھنٹے — انشائی — مارکس: 60

## حصہ اول

2 - درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ حصہ نظم سے کوئی تین اور حصہ غزل سے کوئی دو اشعار کی تشریح کیجیے: (6+4 = 10)

### (حصہ نظم)

(3x2=6)

i- سُنی ہم نے طوطی و بلبل کی باتیں ...... ترا تذکرہ ہے، تری گفتگو ہے

ii- ملّت کے ساتھ رابطۂ استوار رکھ ...... پیوستہ رہ شجر سے، اُمیدِ بہار رکھ!

iii- پڑتے ہیں پانی ہر جا جل تھل بنا رہے ہیں ...... گلزار بھیگتے ہیں سبزے نہا رہے ہیں

iv- چچتا نہیں نظروں میں یاں خلعتِ سُلطانی ...... کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا

### (حصہ غزل)

(2x2=4)

i- آتشِ غم میں دل بُھنا شاید ...... دیر سے بُو کباب کی سی ہے

ii- بُلبل کو باغباں سے نہ صَیّاد سے گِلہ ...... قسمت میں قید لکھی تھی فصلِ بہار میں

iii- جان تُم پر نثار کرتا ہوں ...... میں نہیں جانتا دُعا کیا ہے

## حصہ دوم

3 - درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے ، سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:۔ (5+5 = 10)

(الف) اس وقت جب کہ دعوتِ حق کے جواب میں ہر طرف سے تلوار کی جھنکاریں سنائی دے رہی تھیں، حافظِ عالم نے مسلمانوں کو دارالامان مدینہ کی طرف رُخ کرنے کا حکم دیا، لیکن خود وجودِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو اُن ستم گاروں کا حقیقی ہدف تھا، اپنے لیے حکمِ خدا کا منتظر تھا۔

(ب) آپ ابھی تک اِسے ایک مذاق سمجھ رہے ہیں حالانکہ مَیں بالکل نارمل ہوں۔ ابھی تک آپ تصویر کا ایک ہی رُخ دیکھ رہے ہیں اور اب اس کا دوسرا رُخ دیکھیے جو اتنا بھیانک اور اتنا خوفناک ہے کہ آپ کے تصورات کا شیش محل ابھی زمین بوس ہو جائے گا۔

(ورق اُلٹیے)

4 - درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

i - خواجہ باسط نے میؔر اور مرزؔا کے کلام کے بارے میں کیا فرمایا؟

ii - حضرت بی کون تھیں اور انہوں نے سلیم کو کیا نصیحت کی؟

iii - الگو چودھری کے پنچ مقرر ہونے پر شیخ جمن کیوں خوش تھا؟

iv - ہم ہر خوش گلو پرندے کو بلبل سمجھتے ہیں۔ اس میں قصور کس کا ہے؟

v - سلیم میاں کا مشغلہ کیا تھا؟

vi - پھولوں میں کس شہر کی خوشبو ہے؟

vii - جیب گل کس چیز سے خالی ہے؟

viii - میؔر نے "نیم باز آنکھوں کی مستی" کو کیا قرار دیا؟

5 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (5)

(الف) ہجرت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (ب) قدرِ ایاز

6 - شاملِ نصاب نظم " حمد " کا مرکزی خیال **یا** خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (5)

7 - اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس / پرنسپل کے نام فیس معافی کی درخواست تحریر کیجیے۔ **یا** ریڈیو کی آواز کم کرنے کے لیے ہمسائے کے نام خط لکھیے۔ (10)

8 - "سچ کی برکت" کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔ **یا** مریض اور ڈاکٹر کے درمیان ایک مکالمہ تحریر کیجیے۔ (5)

9 - درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ (5)

i - میں نے کتاب پڑھنا ہے۔

ii - ہم نے حج کرنا ہے۔

iii - ریوڑ جنگل میں چر رہے ہے۔

iv - علی نے بچہ کو اس کی ماں کو دیا۔

v - دل نے چاہا تو ضرور آؤں گا۔

**یا**

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

i - تخم تاثیر ________ ۔

ii - غریب کی جورو ________ ۔

iii - طویلے کی بلا ________ ۔

iv - ماروں گھٹنا ________ ۔

v - قاضی کے گھر کے ________ ۔